نوجوت سنگھ سدھو مہلوک صحافی کے گھر خاموش دھرنے پر بیٹھ گئے

قصورواروں کی گرفتاری ہونے تک دھرنے پر بیٹھے رہنے کا انتباہ

لکھیم پور کھیری (ایس این بی) پنجاب کانگریس کمیٹی کے صدر نوجوت سنگھ سدھو تکونیا خونی تصادم کے دوران مارے گئے صحافی رمن کشیپ کے گھر پر مون دھرنا دے کر بیٹھ گئے ہیں- ان کا کہنا ہے کہ جب تک قصورواروں کی گرفتاری نہیں ہوگی تب تک وہ دھرنے پر بیٹھے رہیں گے- غور طلب ہے کہ نگھاسن کے صحافی رمن کشیپ تکونیا خونی تصادم کے دوران ہلاک ہوگئے تھے- آج پنجاب کانگریس کمیٹی کے صدر نوجوت سنگھ سدھو ان کے اہل خانہ سے ملاقات کرنے نگھاسن پہنچے- انہوں نے اظہار تعزیت کرتے ہوئے ہر ممکن مدد کا بھروسہ دلایا- نوجوت سنگھ سدھو نے صحافیوں سے بات کرتے ہوئے کہا کہ اجے مشرا جب تک استعفیٰ نہیں دیتے ہیں اور قصورواروں کی گرفتاری نہیں ہوتی ہے تب تک وہ صحافی رمن کشیپ کے گھر ہر مون دھرنے پر بیٹھے ہیں- انہوں نے کہا کہ کاشتکاروں کو کچلنے کی سوچی سمجھی سازش کے تحت ان کے اوپر گاڑی چڑھائی گئی ہے جس کا ویڈیو وائرل ہے- اس کے باوجود کلیدی ملزم کے والد عہدہ وزارت پر ابھی تک بنے ہوئے ہیں- ایسے میں متاثرہ کنبہ ریاستی حکومت سے کارروائی کی امید نہیں کر سکتا ہے- انہوں نے کہا کہ میں اب اپنے منہ سے کوئی لفظ نہیں بولوں گا اور جب تک قصورواروں کے خلاف کارروائی نہیں ہو جاتی تب تک دھرنے پر بیٹھا رہوں گا-

ہدایت کے بعد بھی کلیدی ملزم مونو کرائم برانچ میں حاضر نہیں ہوا

جمعہ کی صبح سے ہی پولیس لائن میں میڈیا اہلکاروں کی بھیڑ لگی رہی، پولیس افسران کے چہروں سے پریشانی صاف نظر آرہی تھیں

دوبارہ آشیش مشرا کے مکان پر نوٹس چسپاں، آج صبح 11 بجے حاضر ہونے کی ہدایت



لکھیم پور کھیری (ایس این بی) جمعرات کی دیر شام مرکزی وزیر مملکت اجے مشر ٹینی کے بیٹے تکونیا خونی تصادم معاملے کے کلیدی ملزم آشیش مشر عرف مونو کو اس کے گھر پر نوٹس چسپاں کرتے ہوئے جمعہ آٹھ اکتوبر کو کرائم برانچ کے دفتر میں حاضر ہونے کا حکم دیا گیا تھا لیکن آج طویل انتظار کے بعد بھی کلیدی ملزم حاضر نہیں ہوا - جمعہ کی صبح سے ہی پولیس لائن میں جہاں ایک طرف میڈیا اہلکاروں کی بھیڑ لگی رہی وہیں پولیس افسران کے چہروں کی اڑی ہوئی ہوائیاں بھی صاف دیکھی جا سکتی تھیں- پولیس کے ایک اعلیٰ افسر صبح سے ہی دفتر میں موجود رہ کر تمام طرح کی جانکاری اپنے معاونین سے لیتے رہے- وہیں قریب بارہ بجے اپنے قافلہ کے ساتھ پہنچے ایس پی نے بھی اعلیٰ افسر سے گفتگو کی-

آج دوبارہ آشیش مشرا کے مکان پر پولیس نے نوٹس چسپاں کی ہے- دوسری نوٹس میں کہا گیا ہے کہ آپ کو جمعہ کے دن صبح دس بجے کرائم برانچ کے دفتر پولیس لائن میں طلب کیا گیا تھا لیکن آپ غیر حاضر رہے- اس لیے دوبارہ ہدایت دی جاتی ہے کہ آپ شنبہ 9 اکتوبر صبح 11 بجے کرائم برانچ کے دفتر میں حاضر ہو کر اپنا بیان درج کرائیں- اگر آپ کے ذریعہ ایسا نہیں کیا جاتا ہے تو قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی- اب دیکھنا یہ ہے کہ ہفتہ کو کلیدی ملزم بیان دینے کے لیے پولیس لائن میں واقع کرائم برانچ کے دفتر پہنچتا ہے یا نہیں؟ اور اگر نہیں پہنچتا ہے تو پولیس کی اگلی کارروائی کیا ہوگی؟-

آشیش کے فرار ہونے کا قیاس پوری طرح بے بنیاد

جب کوئی غلطی ہی نہیں کی تو پھر فرار کیوں ہوگا! امت مشرا

لکھیم پور کھیری (ایس این بی) تکونیا خونی تصادم کا کلیدی ملزم آشیش مشرا تو آج جمعہ کے دن بیان درج کرانے کرائم برانچ کے دفتر نہیں پہنچا لیکن اسی دوران اس کے بھائی اور مرکزی وزیر مملکت برائے امور داخلہ اجے مشرا کے بڑے بیٹے امت مشرا نے کمان سنبھالتے ہوئے اپنا بیان جاری کیا ہے- انہوں نے کہا ہے کہ سوشل میڈیا پر ان کے بھائی کے فرار ہونے کی خبریں چل رہی ہیں جبکہ حقیقت یہ ہے کہ وہ کہیں فرار نہیں ہے بلکہ وائرل بخار میں مبتلا ہے- حالانکہ وہ کہاں ہے اس بات کی جانکاری انہیں نہیں دی ہے- امت مشرا نے کہا کہ وہ کہیں بھی ہو لیکن دیر سویر وہ پولیس کے بلاوے پر ان کے سامنے حاضر ہوگا اور پورا تعاون بھی کرے گا- اس نے کہا کہ میرے بھائی آشیش و میرے اہل خانہ کے خلاف کوئی بھی پختہ ثبوت نہیں پائے گئے ہیں- آشیش کے فرار ہونے کے بارے میں لگائے جا رہے قیاس پوری طرح سے غلط ہیں- انہوں نے کہا کہ اس کی کوئی غلطی نہیں ہے تو وہ فرار کیوں ہوگا- اپنے بھائی کا بچاؤ کرتے ہوئے امت نے کہا کہ میرا بھی ان سے کوئی رابطہ نہیں ہو سکا ہے- فی الحال پولیس نے دوبارہ سمن جاری کرتے ہوئے ہفتہ کی صبح گیارہ بجے آشیش کو حاضر ہونے کا حکم دیا ہے-

شرومنی اکالی دل کے وفد کی پچھتر سنگھ کے اہل خانہ سے ملاقات

مہلوک کاشتکاروں کے ورثاء کو انصاف دلانے کا حکومت سے مطالبہ

لکھیم پور کھیری (ایس این بی) شرومنی اکالی دل کا ایک وفد آج تکونیا خونی تصادم میں مارے گئے پچھتر سنگھ کے گھر نامدار پوروہ امیٹھی دھور ہرا پہنچا- اس وفد نے مارے گئے کاشتکار کے سوگوار اہل خانہ سے اظہار تعزیت کرتے ہوئے حکومت سے مہلوک کاشتکاروں کے ورثاء کو انصاف دلائے جانے کا مطالبہ کیا ہے-

معلوم ہو کہ تکونیا خونی تصادم کے دوران صحافی سمیت آٹھ افراد ہلاک ہوگئے تھے- ان میں کاشتکار پچھتر سنگھ بھی شامل تھے- مہلوکین بالخصوص صحافی رمن کشیپ و کاشتکاروں کے سوگوار اہلخانہ سے اظہار تعزیت کرنے والوں کا تانتا لگا ہوا ہے- دو دنوں کے اندر راہل گاندھی، پرینکا گاندھی، اکھلیش یادو، ستیش چندر مشرا، سنجے سنگھ جیسے لیڈران نے مہلوکین کے گھروں پر جا کر سوگواروں سے اظہار تعزیت کیا تھا- آج اس سلسلے میں شرومنی اکالی دل کا ایک وفد پنجاب کے سابق ایم ایل اے رنجیت سنگھ تلونڈی کی قیادت میں آنجہانی پچھتر سنگھ کے گھر پہنچا- اس وفد میں کرنیل سنگھ، پیر محمد، منپریت سنگھ، رنجیت سنگھ رکھڑا، سنگر و سنگھ و انمول وغیرہ شامل تھے- وفد نے اس واقعہ پر اپنے غم کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ 1948 اور 1984 میں ظلم و ستم کا جو سلسلہ شروع ہوا تھا وہ آج بھی جاری ہے- ہم لوگوں کو آج بھی پریشان کیا جا رہا ہے- سابق ایم ایل اے رنجیت سنگھ تلونڈی نے کہا کہ اس معاملے میں کلیدی ملزم آشیش مشرا کے والد وزیر مملکت برائے داخلہ اجے مشر استعفیٰ دیں- حکومت مارے گئے کاشتکاروں کے اہل خانہ کے ساتھ انصاف کرے- قصورواروں کو بلا تاخیر جیل بھیجا جائے- تلونڈی نے کہا کہ ہم سب اس خونی تصادم میں مارے گئے کاشتکاروں کے سوگوار اہل خانہ کے ساتھ کھڑے ہوئے ہیں-

بھاجپا ممبر اسمبلی مادھوری ورما کی اکھلیش یادو سے ملاقات

بہرائچ (ایس این بی) نانپارہ اسمبلی حلقہ سے بھاجپا ممبر اسمبلی مادھوری ورما نے آج جمعہ کو موضع بنجارن ٹانڈہ میں سپا سربراہ اکھلیش یادو سے ملاقات کی جس کے بعد سیاسی حلقوں میں قیاس آرائیوں کا بازار گرم ہوگیا ہے-

دو زخمی ملزمان پولیس حراست میں، بھیجے گئے جیل

لکھیم پور کھیری (ایس این بی) تکونیا خونی تصادم کے سلسلے میں دو ملزمان کو پولیس نے آج عدالت میں پیش کیا جہاں سی جے ایم نے انہیں 14 دنوں کی عدالتی حراست میں جیل بھیج دیا ہے-

معلوم ہو کہ اس واقعہ میں زخمی دو ملزمان کو کھیری پولیس نے علاج کے بعد اپنی حراست میں لے لیا تھا- ان سے پوچھ گچھ کے بعد جمعہ کو دونوں ملزمان لوکش و آشیش جائسوال کو سی جے ایم کی عدالت میں پیش کیا گیا- شنوائی کے بعد سی جے ایم نے دونوں کو 14 دنوں کی عدالتی حراست میں جیل بھیج دیا ہے-

وزیر اعظم رہائش کے مستفیدین کا آیوشمان کارڈ بنائیں

جائزہ میٹنگ میں ضلع مجسٹریٹ راجیش کمار کی ماتحتوں کو ہدایت

اعظم گڑھ (ایس این بی) ضلع مجسٹریٹ راجیش کمار نے محکمہ صحت کے افسران کو ہدایت دی کہ زیادہ سے زیادہ لوگوں کو گولڈن کارڈ سے مستفید کریں۔ انہوں نے کہا کہ وزیر اعظم رہائش شہری/دیہی کے جتنے بھی مستفیدین ہیں ان کا صد فیصد آیوشمان کارڈ بنانا یقینی بنائیں۔ انہوں نے کہا کہ کوٹیدار سے رابطہ کر کے انتودے کارڈ ہولڈروں کا آیوش مان کارڈ بنانا یقینی بنائیں۔ انہوں نے کہا کہ معذور اور بیوہ پنشن پانے والے سبھی افراد کو صد فیصد گولڈن کارڈ بنانا یقینی بنایا جائے۔ انہوں نے کہا کہ سبھی سی ایچ سی و پی ایچ سی پر آنے والے اہل افراد کا صد فیصد آیوشمان بھارت کارڈ بنانا یقینی بنائیں۔ انہوں نے کہا کہ بلاک سطح پر میلہ کا انعقاد کر کے آیوشمان کارڈ بنایا جائے۔ ڈی ایم نے کہا کہ سبھی پرائیویٹ اسپتالوں میں بھی آیوشمان بھارت کارڈ بنانے کا انتظام یقینی بنائیں۔ ضلع مجسٹریٹ راجیش کمار نے آج کلکٹریٹ میں حکومت کی ترجیح والی اسکیموں کا جائزہ لینے کے بعد افسران کو مذکورہ ہدایات دیں۔ انہوں نے محکمہ کا جائزہ لیتے ہوئے چیف مویشی ڈاکٹر کو ہدایت دی کہ گوشالہ میں رہنے والے سبھی جانوروں کی جیو ٹیگنگ کی جائے۔ ڈی ایم نے محکمہ تعمیرات عامہ اور محکمہ سینچائی کا جائزہ لیتے ہوئے کہا کہ سبھی سڑکیں گڈھا مکت کی جائیں اور سبھی نہروں کی سلٹ صفائی وقت پر کرانا یقینی بنائیں۔ ڈی ایم نے محکمہ تعمیرات عامہ کے افسران کو نئی سڑکوں کی تعمیر اور توسیع کے کام کو خصوصیت کے ساتھ کرانے کی ہدایت دی۔ ڈی ایم نے بیت الخلاء تعمیر کا جائزہ لیتے ہوئے ڈی پی آر او کو ہدایت دی کہ ہدف کے مطابق صد فیصد مکمل کریں۔ انہوں نے کہا کہ نامکمل تعمیر کو فوراً پورا کر کے جیو ٹیگنگ یقینی بنائی جائے۔ میٹنگ میں چیف ترقیاتی افسر آنند کمار شکلا، سی ایم او ڈاکٹر اندر نرائن تیواری، ڈی ڈی او روی شنکر رائے سمیت ضلع سطح کے سبھی افسران موجود تھے۔

محمد حاکم کو ضمانت ملنے پر اہل خانہ میں خوشی کا ماحول

اعظم گڑھ (پریس ریلیز) 2009 سے دہلی بم دھماکوں میں ملوث ہونے کے الزام میں اسیر اعظم گڑھ کے محمد حاکم کو دہلی ہائی کورٹ سے ضمانت مل جانے کے بعد ان کے اہل خانہ میں خوشی کا ماحول ہے۔ 6 اکتوبر کو محمد حاکم کی دہلی ہائی کورٹ سے ضمانت مل جانے کے بعد اہل خانہ ان کی رہائی کے سلسلے میں دیگر قانونی خانہ پوری کرنے کی غرض سے دہلی روانہ ہو چکے ہیں۔ اس سلسلے میں متاثرہ کے معاملوں کی پیروی کرنے والی تنظیم 'اومیلا' کے صدر ڈاکٹر جاوید اختر نے بتایا کہ 2008 کے دوران دہلی میں ہوئے بم دھماکوں کے بعد محمد حاکم ولد انجینئر عبدالکریم موضع کرمینی تھانہ رونا پار اعظم گڑھ حال مقیم محلّہ رحمت نگر شہر اعظم گڑھ جو اس وقت انٹیگرل یونیورسٹی لکھنؤ میں انجینئرنگ کی تعلیم حاصل کر رہا تھا، کو بھی ملزم بنائے جانے کے بعد 4 فروری 2009 کو دہلی پولیس نے لکھنؤ سے گرفتار کیا تھا۔ محمد حاکم کی گرفتاری کے بعد اومیلا کی جانب سے اس کے معاملوں کی پیروی کی جاتی رہی ہے۔

سی آئی ڈی انسپکٹر کی اچانک موت

بہرائچ (ایس این بی) سی آئی ڈی کے انسپکٹر کی اچانک حالت بگڑنے جانے سے گھر پر ہی موت ہوگئی۔ بتایا جاتا ہے کہ مقامی علاقہ راجندر نگر کے رہنے والے 45 سالہ شری کرشن سی آئی ڈی میں انسپکٹر تھے آج صبح اچانک خون کی الٹی ہو جانے کے سبب جب ان کی حالت بگڑی تو اہل خانہ شری کرشن کو اسپتال لے جا رہے تھے کہ گھر میں ہی دم توڑ دیا۔ لاش کو پوسٹ مارٹم کے لیے بھیج دیا گیا ہے۔

4 دن سے لاپتہ نوجوان کی لاش درخت سے لٹکی ہوئی برآمد

لکھیم پور کھیری (ایس این بی) چار دن سے لاپتہ نوجوان کی لاش اس کے کھیت میں درخت سے لٹکتی ہوئی برآمد ہوئی ہے- پولیس نے لاش کو پوسٹ مارٹم کے لیے بھیج دیا ہے- واقعہ کوتوالی دھور ہرا علاقے کا ہے-

ذرائع سے موصولہ تفصیلات کے مطابق قصبہ دھور ہرا کے محلّہ جواہر نگر میں رہنے والا ٹھکری (35) ولد مہیش وشوکرما گزشتہ چار دنوں سے غائب تھا- اس کو کافی تلاش کیا گیا لیکن کوئی سراغ نہیں لگ سکا تھا-

بتایا جاتا ہے کہ جمعہ کی صبح جب اس کا بھائی کھیت دیکھنے گیا تو اس کی لاش اسی کے کھیت میں آم کے درخت سے لٹکی ہوئی پائی گئی- عینی شاہدین کے مطابق لاش سڑ چکی تھی اور اس میں بدبو آرہی تھی- موقع پر پہنچی پولیس نے لاش کو قبضہ میں لے کر پوسٹ مارٹم کے لیے بھیج دیا ہے- کوتوال انل سنگھ نے بتایا کہ پوسٹ مارٹم رپورٹ سے موت کی وجہ واضح ہو سکے گی- اسی کے مطابق کارروائی کی جائے گی-

دنیا و آخرت میں کامیابی کا انحصار سیرت نبویؐ میں مضمر

مدرسہ عزیزیہ تنویر العلوم میں عرس اعلیٰ حضرت ومشاہد ملت کے موقع پر منعقد کانفرنس سے علماء کا خطاب

بلرامپور (ایس این بی) بزرگان دین اور علمائے کرام نے اسلام کی تعلیمات کو عام کرنے کے ساتھ ہی اپنے کردار و عمل سے اسلام کو فروغ دے کر پیغمبر اسلام محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کے احکامات پر عمل کرنے کا پیغام دیا ہے۔ دنیا و آخرت میں کامیابی کا انحصار محسن انسانیتؐ کے احکامات پر عملی زندگی گزارنے پر منحصر ہے اور یہی بزرگوں سے سچی محبت کا ثبوت بھی ہے۔

یہ باتیں مدرسہ عزیزیہ تنویر العلوم نہر بالا گنج میں عرس اعلیٰ حضرت و مشاہد ملت کے موقع پر منعقد تاج الشریعہ کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے علماء نے کہیں۔ مولانا سید احمد رضا کی سرپرستی میں ہو رہے جلسہ کی صدارت مولانا تبسم مشاہدی نے کی اور نظامت مولانا محمد معراج نظامی نے کی۔ جلسہ کا آغاز تلاوت قرآن سے قاری توحید رضا نے کیا۔ مقرر خصوصی مولانا عقیل احمد عباسی نے کہا کہ دنیا و آخرت میں کامیابی کا واحد ذریعہ ہے کہ ہم پیارے نبی محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کے احکامات پر عمل کرتے ہوئے زندگی گزاریں۔ انہوں نے اعلیٰ حضرت فاضل بریلوی، مشاہد ملت اور حضور تاج الشریعہ کو سچا عاشق رسول بتاتے ہوئے ان کی تعلیمات پر عمل کرنے کی ہدایت دی۔ مولانا محمد جمیل احمد مشاہدی نے کہا کہ بزرگان دین اور علماء نے اپنی پوری زندگی سیرتِ مصطفیٰؐ کے مطابق گزارتے ہوئے مذہب اسلام کا پرچم بلند کیا اور ہمیں رب کے محبوب سے سچی محبت کا سلیقہ سکھایا۔ مولانا امام احمد رضا خاں بریلوی نے عشق محمدی سے اللہ کو اس طرح راضی کیا کہ آج پوری دنیا میں سچے عاشق رسول کے طور پر اعلیٰ حضرت بن کر تاریخی مقبولیت رکھتے ہیں۔ جلسہ میں طیب علی، معین الدین، ترنم گونڈوی، حافظ زاہد علی بلرامپوری، چاند رضا اور محمد ایوب وغیرہ نے نعت و منقبت پیش کی۔ اس موقع پر مولانا محمد اقبال احمد، قاری محمد توحید رضا، حافظ سیف اللہ، مولانا فرقان، مولانا نصار احمد، قاری غلام جیلانی، قاری جان علی، شیش محمد کے ساتھ ہی شعبان علی، نصیر الدین ببلو ٹیلر، ڈاکٹر محمود، فتح محمد کے علاوہ قرب و جوار کے لوگ بڑی تعداد میں موجود رہے۔ وارڈ ممبر نہر بالا گنج شان محمد نے علماء کرام کا استقبال کیا اور سبھی مہمانوں کا شکریہ ادا کیا۔ مولانا سید احمد رضا کے دعائیہ کلمات، صلوٰۃ و سلام کے بعد جلسہ کا اختتام ہوا اور لوگوں میں شیرینی بھی تقسیم کی گئی۔

☆ کسی بھی قوم اور معاشرہ کی ترقی کا انحصار اس کی اعلیٰ تعلیم پر منحصر ہے اس لئے آج ضرورت اس بات کی ہے کہ مسلم قوم کو تعلیم کی طرف متوجہ کرایا جائے تاکہ مسلمانوں کا مستقبل روشن ہو اور آنے والی نسلیں بھی استفادہ کریں۔ یہ باتیں سماجی کارکن شعبان علی نے عرس اعلیٰ حضرت، مشاہد ملت کے موقع پر تاج الشریعہ کانفرنس کے دوران کہیں۔ وارڈ ممبر شان محمد و دیگر منتظمین نے شعبان علی کے ذریعہ کی جا رہی سماجی خدمات اور مفاد عامہ میں پیش کی گئی کارگزاریوں کے پیش نظر ان کی عزت افزائی کی۔

بھاجپا حکومت میں بدعنوانی عروج پر

انل ورما نے پریس کانفرنس میں گنائیں ریاستی حکومت کی خامیاں

لہرپور، سیتاپور (ایس این بی) عوام ایک مرتبہ پھر اکھلیش یادو کی طرف امید بھری نظروں سے دیکھ رہے ہیں۔ آنے والے اسمبلی الیکشن میں سپا کی حکومت بنی تو پھر کام کام بولے گا۔ یہ بات سپا کے سابق ممبر اسمبلی انل ورما نے ایک پریس کانفرنس کے دوران کہیں۔ انھوں نے کہا کہ ان کی حکومت نے 108 ایمبولنس، 100 نمبر ایمرجنسی خدمات، نوجوانوں کو لیپ ٹاپ، روزگار، سڑک، بجلی، پانی، صحت جیسی عوامی ضرورتوں کو پورا کرنے کے لئے کام کیا۔ عوام انھیں آج بھی یاد کرتے ہیں۔ انھوں نے کہا کہ جب سے یہ بھاجپا حکومت قائم ہوئی ہے تب سے کسان، مزدور، طلبہ، چھوٹے تاجر سبھی پریشان ہیں۔ انھوں نے کہا کہ کسانوں کی آمدنی تو دوگنی نہیں ہو سکی لیکن بدعنوانی چار گنا بڑھ گئی ہے۔ انھوں نے کہا کہ بھاجپا کی پالیسیوں کے سبب پوری ریاست میں عام آدمی سڑک پر آچکا ہے اور آنے والے اسمبلی الیکشن میں وہ اکھلیش یادو کی طرف امید بھری نظروں سے دیکھ رہا ہے۔ اکھلیش یادو کی قیادت میں ہی ریاست کی ترقی ہوگی۔ پریس کانفرنس میں سپا ضلع نائب صدر کو شلیندر سنگھ، ضلع سکریٹری صلاح الدین غوری، شہر صدر آصف رفیع، شہر نائب صدر اور اسمبلی حلقہ میڈیا انچارج سلیم بیگ ببلو وغیرہ موجود تھے۔

یوگی حکومت کے قول و فعل میں تضاد

ابھی تک گرفتار نہیں ہو سکا لکھیم پور تشدد کا ملزم: سنجے سنگھ

بہرائچ (ایس این بی) عام آدمی پارٹی کے ممبر پارلیمنٹ اور یوپی کے انچارج سنجے سنگھ نے آج جمعہ کو لکھیم پور تشدد میں مارے گئے بہرائچ کے دو کسانوں کے اہل خانہ سے ملاقات کی۔ اس دوران انہوں نے یوگی حکومت پر زبردست حملہ کرتے ہوئے کہا کہ حکومت کے قول و فعل میں تضاد ہے، ابھی تک لکھیم پور تشدد کا ملزم گرفتار نہیں ہو سکا ہے۔ انہوں نے کہا کہ جب تک مرکزی وزیر مملکت برائے داخلہ کو برخاست نہیں کیا جاتا اور اس کے ملزم بیٹے کو گرفتار نہیں کیا جاتا تب تک عام آدمی پارٹی کی لڑائی جاری رہے گی۔ انہوں نے کہا کہ یوگی حکومت کے آمرانہ رویے نے جنرل ڈائر کی یاد تازہ کر دی ہے۔ اس موقع پر دہلی کے وزیر اعلیٰ اروند کیجریوال نے متوفی کے اہل خانہ سے گفتگو کی، جلد بہرائچ جانے کا وعدہ کیا اور متاثرین سے ہمدردی کا اظہار کیا۔ سنجے سنگھ کے ساتھ دیگر لیڈروں کے علاوہ عام آدمی پارٹی کے لیڈر ندیم اشرف جائسی بھی تھے۔

سڑک حادثہ میں درجہ 6 کے طالب علم کی موت

بریلی (ایس این بی) تحصیل آنولہ علاقہ میں پیش آنے والے سڑک حادثہ میں کسمرا کے رہنے والے ہری اوم کا بیٹا نجن چھٹی جماعت کا طالب علم تھا کسی گاڑی نے کچل دیا جس سے اس کی موت ہوگئی۔